بمل رائے کا

सुजाता

سُجاتا

اداکاران

نوتن سنیل دت ۔ شکیلہ ۔ للتا پوار

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

گانا نمبر ۱ — کے — تیجا نا

ہوا دھیرے آنا
نیند بھرے نینکھ لئے جھولا جھولا جانا
ننھی کلی سونے چلی ہوا دھیرے آنا
نیند بھرے نینکھ ——
ننھی کلی سونے چلی ......
چاند کرن سی گڑیا ناروں کی ہے پلی
آج اگر چاند نیاں آنا میری گلی
گن گن گن گیت کوئی ہولے ہولے گانا
نیند بھرے نینکھ ——
ریشم کی ڈور اگر پیروں کو اُلجھائے
گھنگھرو کا دانا کوئی شور بچا جائے
رانی میری جاگے تو پھر نیندیا تو بہلانا
نیند بھرے نینکھ ......
ننھی کلی سونے چلی ......

گانا نمبر ۲

بچپن کے دن بھی کیا دن تھے
ہائے ہائے
اُڑتے پھرتے تتلی بن کے — بچپن کے ......

وہاں پھرتے تھے ہم پھولوں میں پڑے
یہاں ڈھونڈتے سب ہمیں چھوٹے بڑے
تھک جاتے تھے ہم کلیاں چنتے
بچپن کے دن۔۔۔
اڑتے پھرتے تتلی بن کے ۔ بچپن کے۔۔۔
کبھی روئے تو آپ ہی ہنس دیئے ہم
چھوٹی چھوٹی خوشی چھوٹے چھوٹے وہ غم
ہائے کیا دن تھے وہ بھی کیا دن تھے
بچپن کے دن۔۔۔
اڑتے پھرتے تتلی بن کے ۔ بچپن کے۔۔۔

گانا نمبر ۲

ایک :۔ تم جیو ہزاروں سال
سال کے دن ہوں پچاس ہزار
کورس :۔ تم جیو ہزاروں سال
سال کے دن ہوں پچاس ہزار
ایک :۔ سورج روز آتا رہے
روز گاتا رہے بیکے کرنوں کے میلے
پل چھن کلیاں گن گن
تیرا ہر دن تب تک رنگوں سے کھیلے
کورس :۔ سورج روز آتا رہے
ایک :۔

کورس:۔ آتا رہے
ایک:۔ او ۔ او
کورس:۔ گاتا رہے سے کے کرنوں کے میلے
ایک:۔ او ۔ او
کورس:۔ پل چھن .....
ایک:۔ او ۔ او
کورس:۔ گن گن .....
ایک:۔ ہے ہے
کورس:۔ ہر دن تب تک گوں سے کھیلے
ایک:۔ آ آ جگ جب تک باقی ہے بہاروں میں
کورس:۔ تم جیئو ہزاروں سال
سال کے دن ہوں پچاس ہزار
ایک:۔ یہاں وہاں شام ہو چاہے جہاں
یونہی جھومے شمع بن کے تمہاری بانہیں
پیارے پیارے چاند کا ٹیکا دیئے
یوں ہی جگنو سے چمکیں تمہاری راہیں
کورس:۔ یہاں وہاں .....
ایک:۔ آ ۔ آ
کورس:۔ چاہے جہاں .....
ایک:۔ او ۔ او
کورس:۔ جھومے شمع بن کے تمہاری بانہیں

ایک:۔ او - او
کورس:۔ پیار لیے....
ایک:۔ آ - آ
کورس:۔ ٹیکا دیئے....
ایک:۔ او - او
کورس:۔ جگنو لیے چمکیں تمہاری راتیں
ایک:۔ آ - آ نور جب تک باقی ہے نتاروں میں
تم جیو ہزاروں سال
سال کے دن ہوں پچاس ہزار
کورس: تم جیو ہزاروں سال
سال کے دن ہوں پچاس ہزار

گانا نمبر ۴

کالی گھٹا چھائے مورا جیا ترسائے
کالی گھٹا چھائے....
ایسے میں کہیں کوئی مل جائے
بولو کسی کا کیا جائے رے کیا جائے رے کیا جائے رے
کالی گھٹا چھائے۔۔۔

ہوں میں کتنی اکیلی وہ یہ جانتے
میرے بے رنگ جیون کو پہچانتے
میرے ہاتھوں کو تھامیں ہنسیے اور ہنسائیں
میرا دکھ بھلائے کسی کا کیا جائے رے

کالی گھٹا چھائے ——
یوں ہی بابیحن میں ڈالوں میں کھوئی کھوئی
نہ تو جاگی ہوئی ہی نہ سوئی ہوئی
میرے بالوں میں کوئی دھیرے سے کلی ٹانک جائے
کسی کا کیا جائے
کالی گھٹا چھائے ——
اُن کی راہ میں نکوں تلملاتی پھروں
ہر آہٹ پہ نیناں بچھاتی پھروں
وہ جو آئیگا کل نہ کیوں آج آئے
میرا من بس میں کسی کا کیا جائے
کالی گھٹا چھائے ——

گانا نمبر ۵

سُن میرے بندھو رے سُن میرے میتوا
سُن میرے ساتھی رے
ہوتا تو بیل میں ہوتی امرلتا تیری
تیرے گلے مالا بن کے پڑی مسکاتی رے سُن میرے ساتھی
جیسا کہ ہے تو ساگر میں ہوتی تیری ندیا
لہر لہر کتنی اپنے پیا سے مل جاتی رے سُن میرے ساتھی
سُن میرے بندھو ——

گانا نمبر ۶

جلتے ہیں جن کے لئے تیری آنکھوں کے دیئے

ڈھونڈ لایا ہوں وہی گیت میں تیرے لئے
جلتے ہیں جس کے لئے

درد بن کے جو میرے دل میں رہ ڈھل نہ سکا
چاند بن کے تیری آنکھوں میں رہ کا چل نہ سکا
آج لایا ہوں وہی گیت میں تیرے لئے
جلتے ہیں جس کے لئے

دل میں رکھ لینا اسے ہاتھوں سے یہ چھوٹے نہ کہیں
گیت نازک ہے میرا شیشے سے بھی ٹوٹے نہ کہیں
گنگناؤں گا یہی گیت میں تیرے لئے
جلتے ہیں جس کے لئے

جب تلک نہ یہ تیرے رس کے بھرے ہونٹوں سے ملے
یوں ہی آوارہ پھرے گا یہ تیری زلفوں کے تلے
گائے جاؤں گا یہی گیت تیرے لئے
جلتے ہیں جس کے لئے
ڈھونڈ لایا ہوں وہی گیت تیرے لئے
جلتے ہیں جس کے لئے

ختم شد

لاجواب قصوں کی کتابیں

داستان امیر حمزہ	5/-/-	فسانہ عجائب	1/-/-
داستان الف لیلیٰ	5/-/-	عورت ڈولہ	-/6/-
قصہ حاتم طائی	1/8/-	چھبیلی بھٹیاری	-/6/-
باغ و بہار	1/4/-	داستان بہرام سلطانہ	-/6/-
گل بکاؤلی	1/-/-	کوہ قاف کی کہانی	-/8/-
گل صنوبر	-/8/-	ایک دن کا سلطان	-/6/-
طوطا مینا مکمل	1/4/-	موت کی گھاٹی	-/6/-
نوزین	-/12/-	قصہ شاہ روم	-/5/-

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	1/-/-	آمنہ کا لال	1/-/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	فاطمہ کا لال	2/-/-
شہادت نامہ کلاں	-/6/-	فاطمہ کا چاند	2/-/-
شہادت نامہ خورد	-/3/-	شہیدان کربلا	1/-/-
سیدہ کا لال	2/-/-	جنگ نامہ کربلا	1/-/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)